11.10.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... عبدالواحد

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے تمل ناڈو میں 13ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ ملک کی ترقی کو اُس کے مالامال ثقافتی ورثے اور سائنسی کامیابیوں سے تقویت ملتی ہے۔

☆ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت، نوجوانوں کیلئے بے پناہ مواقع فراہم کرتا ہے۔ انھوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملک کی ترقی کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔

☆ سپریم کورٹ نے حکام کو لوگوں کی آزادانہ آمد ورفت کو یقینی بنانے اور پُرامن اجتماع میں شریک افراد کو غیرقانونی طور پر حراست میں نہ لینے کی ہدایت دی ہے۔

☆ بھارت نے اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ادارے کی جانب سے نئی دلّی میں پیش آنے والے واقعات پر کئے گئے تبصروں کو خارج کردیا ہے۔ بھارت نے اِسے دوہرا معیار اپنانا اور ملک کے داخلی معاملات میں غیر ضروری مداخلت قرار دیا ہے۔

☆ نیپال کے گورکھا ضلع میں اچانک آنے والے سیلاب میں اب تک 80افراد کو بچا لیا گیا ہے جبکہ پانچ افراد لاپتہ ہیں۔

☆ بھارتی نشانے باز Udhayveer Sidhu نے مصر کے قاہرہ میں منعقدہ ISSF ورلڈ کپ کے مردوں کے 10میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

PM Chennai Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج چنئی میں واقع IIT مدراس میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران، تمل ناڈو میں 13 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ یہ پروجیکٹس سڑک اور ریل ٹرانسپورٹ، بندرگاہوں کے بنیادی ڈھانچے، پیٹرولیم اور سائنسی تحقیق کے شعبوں سے وابستہ ہیں۔ اِن پروجیکٹوں میں تقریباً تین ہزار 700 کروڑ روپے کے قومی شاہراہوں کے ترقیاتی کام، چنئی بندرگاہ سے متعلق اقدامات اور امرت

بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت ریلوے اسٹیشنوں کی جدید کاری اور تزئین کاری شامل ہے۔

اِس موقع پر تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ سی جوزف وجے بھی موجود تھے۔

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اِن پروجیکٹوں کے افتتاح کو ایک تاریخی موقع قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ اِن اقدامات سے آمد ورفت کی سہولتیں بہتر ہوں گی، صنعت اور تجارت کو تقویت ملے گی اور ریاست کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کو اُس کے مالامال ثقافتی ورثے، سائنسی کامیابیوں اور جدید بنیادی ڈھانچے سے قوت حاصل ہوتی ہے۔

S/B 2100 PM Projects Chennai

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ دنیا ابھرتے ہوئے چیلنجوں کے حل تلاش کر رہی ہے اور انھیں یقین ہے کہ بھارت کے نوجوانوں میں اِن مسائل کا حل پیش کرنے کی صلاحیت اور قابلیت موجود ہے۔ وہ آج شام چنئی میں **Jaigopal Garodia** ہندو ودیالیہ کی گولڈن جوبلی تقریبات سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ وکست بھارت یا ترقی یافتہ ملک کے خواب کو حقیقت بنانے میں نوجوانوں کا رول انتہائی اہم ہوگا۔

S/B 2045 PM Viksit Bharat

جناب مودی نے کہا کہ بھارت نوجوانوں کیلئے بے شمار مواقع فراہم کرتا ہے۔ انھوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو پہچانیں، اُنھیں بروئے کار لائیں اور ملک کی ترقی میں اپنا تعاون پیش کریں۔x

SC Protests

سپریم کورٹ نے آج حکام کو ہدایت دی کہ پُرامن طور پر جمع ہونے والے افراد کو غیر قانونی طور پر حراست میں نہ لیا جائے اور ٹریفک قوانین کی پابندی کے ساتھ لوگوں کی آزادانہ نقل و حرکت کو یقینی بنایا جائے۔ عدالت نے دلّی میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کے انتظامات کا جائزہ لینے کا بھی حکم دیا۔ اِس کے علاوہ مرکزی حکومت کو ہدایت دی کہ میٹرو خدمات، معمول کے مطابق چلائی جائیں اور امن و امان سے متعلق تقاضوں اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے انٹرنیٹ خدمات بلا تعطل جاری رہیں۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ موجودہ صورتحال اور امن و امان کے تقاضوں کے مطابق میٹرو اور ٹرین سروسز معمول کے مطابق چلنی چاہئیں۔ سپریم کورٹ نے مزید ہدایت دی کہ وکلاء کو اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی سے نہ روکا جائے۔

سپریم کورٹ نے حکام کی جانب سے عدالتی احکامات کی مبینہ خلاف ورزی پر توہینِ عدالت کی کارروائی شروع کرنے کی درخواست پر مرکزی حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ تمام فریقین کا مؤقف سنے گی اور اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ کسی کو بھی کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ x

India OHCHR

بھارت نے انسانی حقوق کے ہائی کمشنر کے دفتر، **OHCHR** کے دوہرے معیار اور عوامی معاملات پر انتہائی منتخب انداز میں ردّ عمل ظاہر کرنے کے رویّے پر تنقید کی ہے۔ بھارت نے نئی دلّی میں گزشتہ روز پیش آنے

والے واقعات سے متعلق تنظیم کے تبصروں کو مسترد کردیا ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک بیان میں تنظیم کے تبصروں کو غیر ضروری اور ملک کے داخلی معاملات میں ناقابلِ قبول مداخلت قرار دیا۔ جناب رندھیر جیسوال نے زور دے کر کہا کہ بھارت دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے جہاں آئین، پُرامن طور پر اجتماع کرنے کے حق کی ضمانت دیتا ہے۔ اِس حق کے تحفظ کیلئے ملک میں مضبوط ادارے، آزاد عدلیہ اور آزاد ذرائع ابلاغ موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی شہری، امن و امان اور سلامتی برقرار رکھنے سے متعلق شرائط کے تحت اِس حق کا استعمال کرتے ہیں۔x

OIL Tanker Resuce

دوبئی میں بھارت کے قونصلیٹ جنرل نے تصدیق کی ہے کہ تیل بردار جہاز MT GEM No.2 پر سوار عملے کے تمام 22 بھارتی ارکان کو بحفاظت بچا لیا گیا ہے اور وہ پورے طور پر محفوظ ہیں۔ واضح رہے کہ راسُ الخیمہ کے ساحل کے قریب مذکورہ جہاز میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا۔ قونصل خانے نے ایک تازہ بیان میں کہا ہے کہ وہ متحدہ عرب امارات کے حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور بھارتی جہاز رانوں کو ہرممکن مدد اور تعاون فراہم کر رہا ہے۔ امارات نیوز ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات کی نیشنل گارڈ کمانڈ کے کوسٹ گارڈ ڈویژن نے کُل ایک تیل بردار جہاز میں آگ لگنے کی اطلاع موصول ہونے کے بعد 22 ایشیائی شہریوں کو بچایا تھا۔x

PM 25 Years Decolonisation

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ نوآبادیاتی ذہنیت کو ختم کرنے کے مقصد سے کئے گئے اقدامات کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے۔

V/C - Akshit

جدید بھارت کی تاریخ برطانوی استعمار کی دو صدیوں سے گہرائی کے ساتھ وابستہ ہے اور آزادی کے بعد بھی کئی دہائیوں تک اِس کے اثرات برقرار رہے۔ گذشتہ چند برسوں کے دوران حکومت، ملک کو برطانوی دورِ حکومت کی یادوں سے بتدریج دور لے جانے کی کوشش کر رہی ہے۔ 15 اگست 2022 کو 76 ویں یومِ آزادی کے موقع پر لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے اگلے 25 برسوں کیلئے پانچ عزائم یا پنچ پرن پیش کئے۔ دوسرے عزم کی وضاحت کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ شہریوں کی زندگی کے کسی بھی شعبے میں حتی کہ ذہن کے گہرے گوشوں

اور عادات واطوار میں بھی غلامی کا ذرّہ برابر اثر نہیں ہونا چاہیئے۔

S/B Narendra Modi

ملک کو نوآبادیاتی وراثت سے آزاد کرانے اور ایک منفرد بھارتی شناخت کو فروغ دینے کیلئے حکومت نے مختلف شعبوں میں متعدد اقدامات کئے ہیں۔ نئی دلّی میں تاریخی راج پتھ کا نام بدل کر کرتویہ پتھ رکھا گیا، جس کا افتتاح وزیر اعظم نے 2022 میں کیا۔ اسی طرح مجاہد آزادی نیتا جی سبھاش چندربوس کا ایک عظیم الشان مجسمہ انڈیا گیٹ کے قریب نصب کیا گیا جس نے وہاں نصب شاہ جارج پنجم کے مجسّے کی جگہ لے لی۔ بھارتی بحریہ نے بھی 2022 میں اپنا نیا پرچم اختیار کیا جس میں پہلے موجود سینٹ جارج کی صلیب کو ہٹا دیا گیا۔ حکومت نے مالی سال 2017-18 سے ریلوے بجٹ کو مرکزی بجٹ میں ضم کردیا۔ اس طرح 1924 سے چلی آرہی اِس روایت کا خاتمہ ہوگیا۔BJP رہنما رام مادھو نے کہا ہے کہ بھارت کی ثقافتی اور تہذیبی شناخت کو بحال کرنا، خوداعتمادی اور خودداری کی ایک علامت ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ نوآبادیاتی اثرات سے نجات، دراصل حقیقی حب الوطنی کا عمل ہے جو آج ملک میں جاری ہے۔

حکومت نے برطانوی دورِ حکومت میں ممنوع قرار دیئے گئے ادب کو دوبارہ زندہ کرنے کی بھی کوشش کی ہے۔ اِس مقصد کے تحت نیشنل آرکائیوز آف انڈیا نے تحریک آزادی کے دوران ممنوع قرار دی گئی نظموں، تحریروں اور مطبوعات کی ایک فہرست تیار کی ہے۔ اِس کے علاوہ، حکمرانی کو آسان بنانے اور فرسودہ قوانین کو ختم کرنے کی کوششوں کے تحت حالیہ برسوں میں ڈیڑھ ہزار سے زیادہ پرانے قوانین منسوخ کئے جاچکے ہیں۔یہ اقدامات حکومت کے ایک پُر اعتماد اور خودکفیل بھارت تعمیر کرنے کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں جو اپنے ثقافتی ورثے اور قومی اقدار سے مضبوطی کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔

نئی دلّی سے Akshit Vedyan کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویرالفرید

Prez Navratri Wishes

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے Shardiya نوراتری کے موقعے پر ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر جمہوریہ نے کہا کہ دیوی دُرگا کے 9روپوں کی پوجا، لوگوں کو نظم وضبط اور اخلاقی اقدار اپنانے کی ترغیب دیتی ہے۔x

Ladakh Ekta Diwas Rally

کرگل کی ضلع پولیس نے لداخ پولیس کی موٹر سائیکل ریلی ٹیم کو ایک پُروقار تقریب میں روانہ کیا۔ یہ ٹیم قومی سطح پر راشٹریہ ایکتا دِوس کی تقریبات میں شرکت کیلئے گجرات کے سفر پر ہیں۔ ریلی کو روانہ کرنے کی تقریب، ضلع

پولیس لائنز کرگل میں منعقد ہوئی، جس میں سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس نتن یادو، پولیس کے اعلیٰ افسران اور لداخ پولیس نیز CRPF کے اہلکاروں نے شرکت کی۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نتن یادو نے قومی یکجہتی کے فروغ اور نشہ مُکت بھارت ابھیان کے تحت منشیات کے استعمال کے خلاف عوام میں بیداری پیدا کرنے میں ریلی کے رول کو اجاگر کیا۔ x

Nepal Flash Flood

نیپال کے گورکھا ضلعے میں بوڑھی گنڈک ندی میں اچانک آنے والے سیلاب کے بعد اب تک 80 سے زیادہ افراد کو بچا لیا گیا ہے۔ اس میں 9 غیر ملکی شہری بھی شامل ہیں۔ نیپال کی قدرتی آفات کی روک تھام اور بندوبست سے متعلق قومی اتھارٹی کے مطابق چار ہیلی کاپٹروں کی مدد سے 82 افراد کو بچایا گیا ہے۔ یہ سیلاب آج صبح سویرے آیا، جس میں درجنوں مکانات اور پُل بہہ گئے ہیں جبکہ پن بجلی پروجیکٹوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق Chumnubri میونسپلٹی کے کئی گاؤں میں تقریباً تین درجن مکانات بہہ گئے۔ کم سے کم 45 گھر مکمل طور پر تباہ ہوچکے ہیں جبکہ 27 مکانات کو جزوی طور پر نقصان پہنچا ہے۔x

Pakistan KP Emergency

پاکستان نے اپنے شمال مغربی صوبے خیبر پختونخوا میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے۔ اِس اقدام کے تحت صوبائی حکومت عملاً ختم ہوگئی ہے۔ صدر آصف علی زرداری کے جاری کردہ اعلان کے مطابق انھوں نے صوبے میں آئینی نظام کے مفلوج ہوجانے کے سبب ایمرجنسی سے متعلق دفعات نافذ کی ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی صدارت میں آج دن میں منعقدہ ایک خصوصی میٹنگ میں وفاقی کابینہ نے اِس تجویز کی منظوری دی تھی۔ اِس اعلان کے تحت وزیر اعلیٰ، صوبائی حکومت کے وزراء، مشیران، خصوصی معاونین اور ایڈوکیٹ جنرل اپنے عہدوں سے سبکدوش ہوجائیں گے۔ یہ حالات ایسے وقت سامنے آئے ہیں جب خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی قیادت میں احتجاجی مارچ جاری ہے۔ وہ سابق وزیر اعظم عمران خان کی رہائی اور اُنھیں علاج کی سہولت فراہم کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔x

Shooting ISSF World Cup

بھارت کے نشانے باز اُدے ویر سنگھ سِدھو نے آج مصر کی راجدھانی قاہرہ میں انٹرنیشنل شوٹنگ اسپورٹس فیڈریشن کے رائفل اور پسٹل ورلڈ کپ میں مردوں کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ 24 سالہ نشانے باز نے تمغوں کے مقابلے میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 240 اعشاریہ چھ پوائنٹس حاصل کیے اور جرمنی کے متعدد اولمپک تمغے جیتنے والے کھلاڑی Christain Reitz کو محض صفر اعشاریہ پانچ پوائنٹس کے معمولی فرق سے ہرایا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆